ابوظہبی کے کراؤن پرنس اور یو اے ای مسلح افواج کے نائب سپریم کمانڈر کا ہندوستان کا سرکاری دورہ (10 تا 12 فروری 2016)

07 فروری، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

معزز وزیراعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر ابوظہبی کے کراؤن پرنس اور یو اے ای مسلح افواج کے نائب سپریم کمانڈر عزت مآب جنرل شیخ محمد بن زائد النہیان 10 تا 12 فروری 2016 کے دوران ہندوستان کے پہلے سرکاری دورے پر آ رہے ہیں۔ ان کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی آ رہا ہے جس میں وزراء، سینئر افسران اور صنعتی شخصیات شامل ہیں۔

آئندہ دورے کے دوران ابوظہبی کے عزت مآب کراؤن پرنس معزز صدر جمہوریۂ ہند سے ملاقات کریں گے اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر معزز وزیراعظم جناب نریندر مودی کے ساتھ دوطرفہ مذاکرات کریں گے۔ یہ دورہ اگست 2015 میں وزیراعظم جناب نریندر مودی کے متحدہ عرب امارات کے دورے کے بعد ہو رہا ہے، جس دوران دونوں ممالک تعلقات کو ایک جامع

اسٹریٹجک شراکت داری کے طور پر فروغ دینے پر متفق ہوئے تھے۔

تاریخی طور پر ہندوستان اور یو اے ای کے درمیان تعلقات خوشگوار اور دوستانہ ہیں جو باہمی فائدہ مند تجارتی تبادلے اور وسیع پیمانے پر عوامی رابطے پر مبنی ہیں۔ ہماری اچھی طرح سے متوازن دو طرفہ تجارت کی قیمت 15-2014 میں 59 بلین امریکی ڈالر تھی جس کی وجہ سے یو اے ای ہمارا تیسرا سب سے بڑا کاروباری پارٹنر بن گیا ہے۔ جہاں تک غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کا تعلق ہے، یو اے ای، ہندوستان میں سب سے بڑے سرمایہ کاروں میں سے ایک ہے۔ یہ ہندوستان کی توانائی کے تحفظ میں اہم طور پر شراکت کرتا ہے اور 15-2014 میں ہندوستان کو خام تیل کی فراہمی کرنے والا چھٹا سب سے بڑا ملک ہے۔

قریب 2.6 ملین مضبوط اور متحرک ہندوستانی کمیونٹی متحدہ عرب امارات میں سب سے بڑا مہاجر گروپ ہے۔ اپنے میزبان ملک کی ترقی میں ان کی مثبت اور ممکنہ شراکت ہمارے بہترین دو تعلقات کا ایک اہم جزو ہے۔

خلیجی علاقے کی حفاظت اور استحکام سے ہندوستان کا بہت زیادہ سروکار ہے جہاں سات ملین سے زیادہ ہندوستانی رہتے ہیں۔ یہ علاقہ ہندوستان کی خام تیل کی تقریباً دو تہائی ضروریات کی تکمیل کا بھی ذریعہ ہے اور ہمارا سب سے بڑا کاروباری پارٹنر ہے۔

نئی دہلی،

07 فروری، 2016